# میڈیا کوآرڈینیٹر آفس

# جامعہ ملیہ اسلامیہ

# 7 فروری 2018

# سبیر بھاٹیا کو جامعہ نے 'نشان امتیاز' سے نوازا

پریس ریلیز

نئی دہلی:

ہاٹ میل کے بانی، معروف کاروباری اور موجد سبیر بھاٹیا کو آج ان کی تیکنالوجی اور رفاہ عامہ کے لئے انجام دئے گئے کاموں کا اعتراف کرتے ہوئے جامعہ ملیہ اسلامیہ نے اپنے اعلیٰ اعزاز ''امتیازِ جامعہ'' سے نوازا۔

امریکی نژاد پچاس سالہ بھاٹیا کو پروفیسر طلعت احمد نے سپاس نامہ کے ساتھ ایک شال اوڑھا کر انھیں یہ اعزاز پیش کیا۔

مسٹر سبیر بھاٹیا جنھوں نے 1998 میں مائکروسافٹ سے ہاٹ میل کو فروخت کر دیا تھا اپنے خطاب میں کہا کہ آنے والی صدی تیکنالوجی کی صدی ہوگی، طلباء اپنے فکر و تخیل کو پروان چڑھائیں اور اس کو حقیر نہ جانے، ناکامی ہی کامیابی کی دہلیز ہے۔ انھوں نے کہا کہ انٹرنیٹ تخیلات کی جال ہے جسے ہم انقلاب کا ایک ذریعہ بھی کہہ سکتے ہیں، اس کا بہتر استعمال کر کے ہم اپنا اور معاشرہ کا بھی بھلا کر سکتے ہیں۔

انھوں نے کاروبار کو چیلنج بھرا عمل قرار دیتے ہوئے کہا کہ ناکامی ہی کامیابی کی اولین دہلیز ہے اس لئے ناکامیوں سے کبھی بھی گھبرانا نہیں چاہئے بلکہ اس کو بطور چیلنج قبول کرتے ہوئے آگے بڑھنا چاہئے۔

پروفیسر طلعت احمد نے خوشی کا اظہار کرتے ہوئے کہا کہ بھاٹیا کی شخصیت صرف تکنالوجی کے لئے نہیں بلکہ ملک کے لئے بھی افتخار کی حامل ہے۔ انھوں نے کہا کہ جامعہ کے ذریعہ اس اعزاز کا مقصد محض شخصیتوں کے کارنامے کا اعتراف اور تحسین نہیں ہے بلکہ اس کے ذریعہ اس کا مقصد طلباء کی شخصیتوں کو نکھارنا اور ان کے تجربات سے فائدہ اٹھانا ہے۔

اس موقع پر ارامکو ایشیا انڈیا پرائیویٹ لمیٹیڈ کے سینئر مشیر، جامعہ ملیہ اسلامیہ کے پرووائس چانسلر پروفیسر شاہد اشرف، رجسٹرار اے پی صدیقی (آئی پی ایس)، فائننس آفیسر سنجے کمار، ایف ٹی کے سینٹر فار انفارمیشن ٹکنالوجی کے ڈائریکٹر پروفیسر دیجی کے علاوہ بڑی تعداد میں طلباء اور اساتذہ موجود تھے۔

جاری کردہ:

پروفیسر صائمہ سعید

میڈیا کوآرڈینیٹر